# رہبر معظم نےخاتم الانبیاء ( ص) فضائی شعبہ کے کمانڈر کو مقرر کیا - 23 /Jan/ 2011

رہبر معظم انقلاب اسلامی اور مسلح افواج کے کمانڈر انچیف حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اپنے ایک حکم میں میجر جنرل فرزاد اسماعیلی کو خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ و آلہ وسلمفضائی شعبہ کا کمانڈر مقرر کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے حکم کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

میجر جنرل فرزاد اسماعیلی

اسلامی جمہوریہ ایران کی مسلح افواج کے سربراہ کی تجویز اور آپ کی صلاحیت، لیاقت اور تعہد کے پیش نظر آپ کو خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ و آلہ وسلمفضائی شعبہ کا کمانڈر مقرر کرتا ہوں۔توقع کرتا ہوں کہ آپ لازمی آمادگیکی سطح بلند کرنے اور پہلے سے بیان شدہ اہداف کی تکمیل کے لئے اپنا اہم کردار ایفا کریں گے۔اس منصب پر میجر جنرل میقاتی کی گرانقدر کوششوںپر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

خداوند متعال کی بارگاہ سے سب کے لئے توفیق طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

3/بہمن / 1389